VOL. 53

# آمد و رفت کی حفاظت کے اقدامات کا جائے کام پر عمل درآمد ٹیم کے مشترکہ کار اور تعاون پر منحصر ہے

工作安全健康 Safety at work

مثال کے طور پر، ہماری ٹیم نے حال ہی میں، آج صبح، ڈرائیوروں، آپریٹروں اور آمد و رفت پر قابو رکھنے والے عملے کو جائے تعمیرات پر آمد و رفت کی حفاظت کے بارے میں ایک خلاصہ بیان کیا، تاکہ ہم ماضی کا مطالعہ کر کے نئی بصیرت حاصل کر سکیں۔

3.


شکریہ، لیکن میں اس کا سہرا اپنے سر پر نہیں باندھ سکتا ہوں! ٹیم کے مشترکہ کار کی بدولت مجھے سب سے قدر شناسی ملتی ہے!

2.

واہ، یہاں حفاظت سے گاڑی چلانے والا ہمارا نمایاں ڈرائیور، اینڈی، حاضر ہے! آپ نے واقعی نہایت عمدہ کام کیا ہے!

1.

اور یقیناً، گاڑیاں چلائے جانے کی جگہوں میں کارکنوں کی نقل و حرکت کی وجہ سے ہونے والے حادثات سے بچنے کے لیے، پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کو بہتر طور پر الگ رکھنے کی خاطر ہم نے جائے تعمیرات پر پیدل چلنے والوں کے راستے اور کراسنگ (پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک پار کرنے کی جگہیں) بھی متعین کیں ہیں۔

ہم ذہنی سکون کے ساتھ گاڑی چلا سکتے ہیں کیونکہ ہماری ٹیم نے خطرے کی تشخیص اچھی طرح کی ہے اور آمد و رفت کے لیے ایک موثر نظامِ انتظامیہ نافذ کیا ہے، جس میں گاڑیوں کے داخلی راستوں کی محفوظ ترتیب اور آمد و رفت پر قابو رکھنے کے اقدامات شامل ہیں۔

5.


4.


جائے تعمیرات پر رفتار کم کرنے والے فراز اور رفتار کی حد کے نشانات نسب کرنے سے بھی ہمیں محفوظ رفتار برقرار رکھنے کی یاددہانی ہو سکتی ہے!

7.


اس کے علاوہ، گاڑیوں کو پیچھے کی جانب کا منظر دکھانے والے ویڈیو آلات اور آئینے لگائی ہوئیں گاڑیاں بصارت کے رقبے کو بڑھانے اور غیر مرئی جگہوں کو دکھانے میں ہماری مدد کر سکتیں ہیں۔ کسی گاڑی کو پیچھے کی جانب چلانے میں مدد کے لیے تربیت یافتہ سگنل مین (اشارے دینے والے) کی خدمات حاصل کرنا زیادہ محفوظ ہو گا!

6.

اور آخری لیکن مذکورہ بالا سے برابر درجے کی بات، ہمارے پاس پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم ہے جو گاڑیوں کے معمول کے معائنے، مرمت اور دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سب کچھ محفوظ اور درست ہے!

9.

گاڑیوں کی چابیاں نامزد افراد کے پاس رکھنی چاہئیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ صرف مجاز افراد کو ہی گاڑیاں چلانے کی اجازت ملے۔

8.


لیبر ڈیپارٹمنٹ
آن لائن OSH (پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت) کے بارے میں شکایت کا پلیٹ فارم
www.labour.gov.hk
پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کے بارے میں شکایت کی فوری لائن
2542 2172

لیبر ڈیپارٹمنٹ
پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کونسل